DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 17-04-2023

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | وزیراعلیٰ نے بلوچستان کی پہلی ایس ایم ای پالیسی کی منظوری دیدی۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 02 | وزیراعلیٰ کی ہدایت بلوچستان بھر میں مستحقین میں راشن فراہم کرنے کا سلسلہ جاری۔ | مشرق ودیگراخبارات |
| 03 | الیکشن پر ہمیں اعتراض نہیں تاریخ سے مسئلہ ہے، مولانا عبدالوسع۔ | مشرق ودیگراخبارات |
| 04 | حکومت عوام کو سہولیات انکی دہلیز پر فراہم کریگی، نور محمد دمڑ۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 05 | سیاسی وریاستی قیادت کے مابین میثاق قومی سلامتی وملکی بقاء ناگزیر ہے صالح بھوتانی۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 06 | کوسٹل ہائی وے پولیس کو جدید خطوط پر استوار کر رہے ہیں برکت حسین کھوسہ۔ | آزادی ودیگراخبارات |
| 07 | لیویز لائن کوہلو وزیراعلیٰ پیکج کے تحت راشن تقسیم ڈی سی نے نگرانی کی۔ | مشرق ودیگراخبارات |
| 08 | 160 پولیس اہلکار ٹریفک پولیس کو دیئے ہیں، ڈی آئی جی۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 09 | کرپشن پرسیشن انڈیکس میں بلوچستان کا تذکرہ من گھڑت ہے، بابر یوسفزئی۔ترجمان وزیراعلیٰ۔ | سینچری ودیگراخبارات |
| 10 | وزیراعلیٰ بلوچستان عوام کی حقیقی خدمت پر یقین رکھتے ہیں فرح عظیم شاہ۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 11 | خصوصی افراد سے متعلق قومی آگاہی مہم شروع کی جائے سینیٹر ثمینہ۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 12 | اونٹوں میں پراسرار بیماری 30 ہلاک عوام گوشت استعمال نہ کریں انتظامیہ۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 13 | کارکن ڈیجیٹل مردم شماری قومی فریضہ سمجھ کر بھرپور حصہ لیں، سردار اختر مینگل۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 14 | مردم شماری میں رہ جانے والے علاقوں کا کام جلد مکمل کیا جائے پشتونخوامیپ۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 15 | یونیورسٹی جوائنٹ ایکشن کمیٹی کی تنخواہوں کی عدم ادائیگی کے خلاف تالہ بندی احتجاج۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 16 | حکومت ڈاکٹر نبی داد اور ڈاکٹر فیاض کو فوری بازیاب کرائے، ینگ ڈاکٹرز۔ | جنگ ودیگراخبارات |

## امن وامان

کوئٹہ میں مسروق موٹر سائیکل، موبائل فوان اور گاڑی برآمد 10 اشتہاری گرفتار، وزیر داخلہ کا ٹریفک حادثے پر اظہار افسوس، فائرنگ سے موٹر سائیکل سوار ہلاک ،ضلع پشین کے علاقے بادیزئی اور گردنواح میں ڈاکوراج، قلعہ عبداللہ دوست کی فائرنگ سے دوست ہلاک۔

مورخہ 17-04-2023

**عوامی مسائل**

نواں کلی میں روڈ ٹوٹ پھوٹ کا شکار جا بجا گڑھے بن گئے ٹریفک روانی متاثر، گوادر میں راشن کی تقسیم چھینا جھپٹی میں بچہ بیہوش ہوگیا، کوئٹہ میں بدترین مہنگائی کے باوجود عیدالفطر کی تیاریوں کی رونقیں۔

**اداریہ:**

روزنامہ باخبر کوئٹہ نے "**بلوچستان پولیس میں خواتین پر مشتمل اینٹی رائٹ ونگ کا قیام**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے بلوچستان پولیس میں خواتین پر مشتمل اینٹی رائٹ ونگ قائم کر دیا گیا ہے جس میں چالیس تربیت یافتہ خواتین کیڈٹس شامل ہیں۔ ابتدائی طور پر یہ ونگ کوئٹہ کے لئے ہے وزیر اعلیٰ عبدالقدوس بزنجو نے اس ونگ کے قیام کا خیر مقدم کرتے ہوئے ہدایت کی ہے کہ اس ڈویژن اور ضلع کی سطح تک بڑھایا جائے ان کا کہنا ہے کہ عوام کے جان و مال کا تحفظ حکومت کی بنیادی ذمہ داری ہے اور اس مقصد کے لیے پولیس کو تمام وسائل فراہم کئے جائیں گے، خواتین پر مشتمل انٹی رائٹ ونگ کا قیام خواتین کو ہر سطح پر نمائندگی دینے اور پولیس فورس میں ان کی موثر شمولیت کے حوالے سے صوبائی حکومت کے عزم کا آئینہ دار ہے خواتین کے اینٹی رائٹ ونگ کا قیام ملک میں اپنی نوعیت کا پہلا تجربہ ہے۔

**اداریے:**

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ نے **بلوچستان کی خونی شاہراہ میں کیا کیا جا سکتا ھے** "کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

برائے **ڈائریکٹر جنرل**

**نظامت تعلقات عامہ بلوچستان**

گورنر وزیراعلیٰ، وزراء

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1 DATE: 17 APR 2023 Page No: 1

## وزیراعلیٰ نے بلوچستان کی پہلی ایس ایم ای پالیسی کی منظوری دیدی

### مختصر اور درمیانی مدت کے ایکشن پلان میں تقسیم کیا گیا، چیف سیکرٹری کی سربراہی میں ورکنگ گروپ تشکیل

### حادثات کی روک تھام کوئٹہ کراچی شاہراہ کے منصوبے کی تکمیل سے ممکن ہے، ٹریفک حادثے پر اظہار افسوس

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو نے بلوچستان کی پہلی ایس ایم ای ترقی کی حکمت عملی کی منظوری دے دی۔ وزیراعلیٰ نے یہ منظوری محکمہ صنعت و تجارت کی جانب سے ارسال کی گئی سمری پر دی۔ واضح رہے کہ قومی ایس ایم ای پالیسی 2021 کے تحت چیف سیکرٹری کی سربراہی میں صوبائی ایس ایم ای ورکنگ گروپ تشکیل دیا گیا ہے۔ ورکنگ گروپ آسان اور قابل رسائی ایس ایم ای ماحول فراہم کرکے صوبے میں کاروبار کی ترقی میں سہولت فراہم کرے گا اور ایس ایم ای پالیسی/حکمت عملی کے نفاذ کی نگرانی کرے گا۔ قومی SME پالیسی وفاقی حکومت نے تیار کی ہے اور پالیسی ایکشن پلان کو مختصر اور درمیانی مدت کے ایکشن پلان میں تقسیم کیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں صوبائی ایس ایم ای ورکنگ گروپ کا اجلاس 5 دسمبر 2022 کو چیف سیکرٹری کی زیر صدارت بلوچستان کی ایس ایم ای ڈویلپمنٹ سٹریٹیجی پر ٹیکنیکل پیپر پر تبادلہ خیال سے متعلق منعقد ہوا جس میں صوبائی ورکنگ گروپ نے ٹیکنیکل پیپر، اپلی میکیشن مینجمنٹ اسٹرکچر کے قیام اور دیگر سرگرمیوں پر غور کیا اور یہ بھی فیصلہ کیا کہ صوبائی کابینہ کے آئندہ اجلاس میں بھی یہی تکنیکی پیپر رکھا جائے گا۔ دریں اثناء وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے وڈھ کے قریب قومی شاہراہ پر ٹریفک حادثے میں پانچ زیر تربیت پولیس اہلکاروں کے جاں بحق ہونے پر دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ المناک حادثہ میں قیمتی جانی ضیاع پر انتہائی افسوس ہوا ہے، سوگوار خاندانوں سے تعزیت، ہمدردی اور یکجہتی کا اظہار کرتا ہوں، غم کی اس گھڑی میں لواحقین کے ساتھ ہیں۔ وزیراعلیٰ نے انتظامیہ اور محکمہ صحت کو فوری امدادی سرگرمیوں اور زخمیوں کو بہترین علاج فراہم کرنے کی ہدایت کی ہے۔ وزیراعلیٰ نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کی مغفرت اور سوگواروں کو صبر جمیل عطا کرے۔ وزیراعلیٰ کا مزید کہنا ہے کہ کوئٹہ کراچی شاہراہ پر حادثات میں اضافہ اور قیمتی جانوں کا ضیاع باعث تشویش ہے۔ حادثات کی روک تھام دو رویہ شاہراہ کے منصوبے کی تکمیل سے ہی ممکن ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف سے درخواست ہے کہ شاہراہ کو دو رویہ بنانے کے منصوبے پر عملدرآمد تیز کرکے اسے جلد مکمل کیا جائے۔ وزیراعلیٰ نے متعلقہ پولیس اور انتظامیہ کو حادثات کی روک تھام کے لئے موثر سٹریٹیجی بنانے کی ہدایت کی ہے۔

MASHRIQ QUETTA

## بلوچستان سے تیل، چینی، آٹے کی برآمدات روکنے کیلئے اینٹی سمگلنگ ونگ بحال

### وزیراعلیٰ نے کاروبار کے فروغ کیلئے ایس ایم ای حکمت عملی منظور کرلی

**بلوچستان سے آٹا، چینی اور پٹرولیم مصنوعات دیگر علاقوں بالخصوص ہمسایہ ممالک کی طرف سمگلنگ کی روک تھام کے سلسلے میں چیف سیکرٹری بلوچستان کی زیر صدارت اجلاس میں اہم فیصلے**

**بلوچستان بھر میں سمگلنگ کی روک تھام کیلئے پولیس، ایف سی، لیویز فورس سمیت دیگر اداروں کے جوائنٹ چیک پوسٹوں پر تمام متعلقہ محکموں کے اہلکاران تعینات کئے جائیں گے، وزیر داخلہ کی ہدایت**

**وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو نے محکمہ صنعت و تجارت کی جانب سے ارسال کردہ سمری پر بلوچستان کی پہلی ایس ایم ای (SME) ترقی کی حکمت عملی کی باقاعدہ منظوری دے دی**

**یہ ورکنگ گروپ ایک آسان اور قابل رسائی ایس ایم ای ماحول فراہم کرکے صوبے میں کاروبار کی ترقی میں سہولت فراہم کرے گا، ایکشن پلان کو مختصر اور درمیانی مدت کے ایکشن پلان میں تقسیم کیا گیا**

**صوبائی ورکنگ گروپ نے ٹیکنیکل پیپر، امپلیمنٹیشن مینجمنٹ اسٹرکچر کے قیام اور دیگر سرگرمیوں پر غور شروع کردیا، صوبائی کابینہ کے آئندہ اجلاس میں بھی یہی تکنیکی پیپر رکھا جائے گا، حکومتی ذرائع**

کوئٹہ (خ ن، مانیٹرنگ ڈیسک) بلوچستان حکومت نے سمگلنگ کی روک تھام کے لیے اینٹی سمگلنگ ونگ کو دوبارہ مکمل طور پر بحال کرنے کا فیصلہ کرلیا۔ وزیر داخلہ بلوچستان ضیاء اللہ لانگو کی ہدایت پر صوبہ بلوچستان سے دیگر علاقوں بالخصوص ہمسایہ ممالک کی طرف سمگلنگ کی روک تھام کے سلسلے میں اجلاس ہوا۔ اجلاس کی صدارت چیف سیکرٹری عبدالعزیز عقیلی نے کی۔ اجلاس میں پاکستان کسٹمز، ایف سی، پولیس، ڈویژنل و ضلعی حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں صوبہ بھر میں جوائنٹ چیک پوسٹوں پر تمام متعلقہ محکموں کے اہلکاران تعینات کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ دریں اثناء وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے بلوچستان کی پہلی ایس ایم ای ............ بقیہ 1 صفحہ نمبر 9 پر

(SME) ترقی کی حکمت عملی کی منظوری دے دی۔ وزیراعلیٰ نے یہ منظوری محکمہ صنعت و تجارت کی جانب سے ارسال کی گئی ایک سمری پر دی۔ واضح رہے کہ قومی ایس ایم ای پالیسی 2021 کے تحت چیف سیکرٹری کی سربراہی میں صوبائی ایس ایم ای ورکنگ گروپ تشکیل دیا گیا ہے۔ یہ ورکنگ گروپ ایک آسان اور قابل رسائی ایس ایم ای ماحول فراہم کرکے صوبے میں کاروبار کی ترقی میں سہولت فراہم کرے گا اور ایس ایم ای پالیسی/حکمت عملی کے نفاذ کی نگرانی کرے گا۔ قومی SME پالیسی وفاقی حکومت نے تیار کی ہے اور پالیسی ایکشن پلان کو مختصر اور درمیانی مدت کے ایکشن پلان میں تقسیم کیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں صوبائی ایس ایم ای ورکنگ گروپ کا اجلاس 05 دسمبر 2022 کو چیف سیکرٹری بلوچستان کی زیر صدارت بلوچستان کی ایس ایم ای ڈویلپمنٹ سٹریٹیجی پر ٹیکنیکل پیپر پر تبادلہ خیال سے متعلق منعقد ہوا جس میں صوبائی ورکنگ گروپ نے ٹیکنیکل پیپر، امپلیمنٹیشن مینجمنٹ اسٹرکچر کے قیام اور دیگر سرگرمیوں پر غور کیا اور یہ بھی فیصلہ کیا کہ صوبائی کابینہ کے آئندہ اجلاس میں بھی یہی تکنیکی پیپر رکھا جائے گا۔

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1 DATE: 17 APR 2023 Page No: 2


## وزیراعلیٰ کی ہدایت، بلوچستان بھر میں مستحقین میں راشن فراہمی کا سلسلہ جاری

### کوہلو، جھل مگسی، نصیر آباد میں بھی وزیراعلیٰ پیکج کے تحت غریب اور مستحقین میں مفت آٹا اور دیگر اشیاء ضروریہ تقسیم

### شفاف اور منظم طریقے سے راشن کی تقسیم کا عمل جاری ہے تاکہ ماہ صیام میں غربا و مساکین کو ریلیف فراہم کیا جا سکے

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان عبدالقدوس بزنجو نے ہمیشہ صوبے میں غریب اور متوسط طبقے کیلئے اپنے اندر ایک ویژن رکھا جس کی ایک مثال حال ہی میں صوبے بھر میں غریب اور مستحق افراد میں رمضان پیکج کے تحت مفت راشن کی فراہمی ہے اس وقت صوبے کے تمام اضلاع میں مستحقین میں مفت راشن فراہم کرنے کا سلسلہ جاری ہے اس ضمن میں ضلع کوہلو میں بھی وزیراعلیٰ پیکج کے تحت غریب اور مستحقین میں مفت آٹا اور دیگر اشیاء ضروریہ تقسیم کیا جا رہا ہے گزشتہ روز کوہلو جھل مگسی خالق آباد اور نصیر آباد میں مستحقین میں راشن اور دیگر خوردنی اشیاء تقسیم کی......... بقیہ نمبر 57 صفحہ 9 پر

گیس ڈپٹی کمشنرز کی جانب سے خصوصی ہدایت پر پولیس اور لیویز فورس نے پہلے مرحلے میں ضلع کے مختلف علاقوں میں مستحق افراد کا ڈیٹا جمع کیا جس کے بعد ان کو ڈپٹی کمشنر کے سربراہی میں اسکروٹنی کے مرحلے سے گزار کر فہرستیں تیار کی گئی ہیں ضلع میں 13 اپریل سے شروع ہونے والے وزیراعلیٰ رمضان پیکج کے تحت پہلے مرحلے میں کوہلو کے مختلف علاقوں میں یتیم، بیوہ اور معذور افراد کے علاوہ ان لوگوں کو ترجیح دیا گیا ہے جو کرونا وائرس میں معاشی طور پر شدید متاثر ہوئے تھے

## وڈھ کے قریب ٹریفک کا المناک حادثہ، پولیس کے 6 جوان شہید

### وزیراعلیٰ کا واقعے پر اظہار افسوس

### پولیس اہلکار ٹریننگ کے بعد عید الفطر کی چھٹیوں کے سلسلے میں کار میں بیلہ آ رہے تھے کہ ان کی کار کھڑی کرین سے ٹکرا گئی

### غم کی گھڑی میں لواحقین کے ساتھ ہیں، وزیراعظم کوئٹہ تا کراچی شاہراہ کو دو رویہ بنانے کا منصوبہ جلد مکمل کرائیں، وزیراعلیٰ

اوتھل، کوئٹہ (این این آئی، خ ن) وڈھ کے قریب ٹریفک کا المناک حادثہ لسبیلہ پولیس کے 6 جوان شہید ہو گئے......... بقیہ 34 صفحہ نمبر 9 پر

پولیس اہلکار کوئٹہ میں ٹریننگ کے بعد عید الفطر کی چھٹیوں کے سلسلے میں کار میں اپنے آبائی ضلع لسبیلہ کے شہر بیلہ آ رہے تھے کہ بدقسمتی سے کار وڈھ کے قریب قومی شاہراہ پر کھڑی کرین سے ٹکرا گئی، وزیراعلیٰ بلوچستان عبدالقدوس بزنجو، سینئر صوبائی وزیر محمد صالح بھوتانی، وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو، سابق وزیراعلیٰ اور رکن صوبائی اسمبلی جام کمال خان، ایم این اے محمد اسلم بھوتانی، شہزاد بھوتانی، ایس ایس پی لسبیلہ محمد ایوب اچکزئی اور دیگر کا سانحہ وڈھ پر سوگوار خاندانوں سے تعزیت

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Express Quetta

Bullet No. 1 DATE: 17 APR 2023 Page No: 3


## CM okays Balochistan's first SME development strategy

**By Our Reporter**

QUETTA: Chief Minister Balochistan Mir Abdul Quddus Bizenjo approved the first SME development strategy of Balochistan.

Chief Minister Balochistan Mir Abdul Qudous Bizenjo gave this approval on a summary sent by the Department of Industry and Commerce. Under the National SME Policy 2021, a Provincial SME Working Group has been formed under the leadership of the Chief Secretary.

The working group will facilitate business development in the province by providing an easy and accessible SME environment. The group will monitor the implementation of the SME Policy, Strategy. The National SME Policy is prepared by the Federal Government. And policy action plans are divided into short and medium term action plans.

The meeting of the Provincial SME Working Group was held on 05 December 2022 under the chairmanship of the Chief Secretary Balochistan, in which the technical paper of the SME Development Strategy of Balochistan was discussed and the provincial working group discussed the technical paper, the establishment of the implementation management structure and Other activities were considered.

The same technical paper will be kept in the next meeting of the provincial cabinet in the meeting.

## CM directs to make strategy to prevent traffic accidents

**By Our Reporter**

QUETTA: The Chief Minister has directed the Motorway Police and administration to make an effective strategy to prevent accidents.

Balochistan Chief Minister Mir Abdul Quddus Bizenjo has expressed grief and sorrow over the death of five trainee police officers in a traffic accident on the national highway near Wadh and said that he is deeply sorry for the loss of precious lives in the tragic accident and expresses his condolences to the bereaved families. And I express my solidarity with the family members in this time of grief.

The Chief Minister has directed the administration and the health department to provide immediate relief activities and the best treatment to the injured.

The Chief Minister prayed that Allah may forgive the deceased and give patience to the bereaved. The Chief Minister has also expressed good wishes for the speedy recovery of the injured

The Chief Minister further said that the increase in accidents and the loss of precious lives on the Quetta-Karachi highway is a cause of concern.

Prevention of accidents is possible only with the completion of the two-way highway project.

Prime Minister Muhammad Sharif is requested to speed up the implementation of the project of making the highway two-lane and complete it as soon as possible.

The Chief Minister has directed the Motorway Police and administration to make an effective strategy to prevent accidents.

# CLIPPING SERVICE


**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1 DATE: 17 APR 2023 Page No: 4


## حکومت عوام کو سہولیات انکی دہلیز پر فراہم کریگی، نور محمد دمڑ

**نوجوانوں کو میرٹ پر روزگار فراہم کیا جائے گا، صوبائی وزیر کا مفتی عبدالشکور کے انتقال پر اظہار تعزیت**

کوئٹہ (پ ر) سینئر صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا ہے کہ عوام کے بنیادی مسائل کا ترجیحی بنیادوں پر حل ان کی اولین ترجیح ہے۔ زیارت و سنجاوی میں ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل اور بے روزگار نوجوانوں کو میرٹ پر روزگار کی فراہمی کے لئے صوبائی حکومت کے توسط سے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لارہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے حاجی جمعہ خان سنزرخیل کی اپنے خاندان سمیت حاجی نور محمد خان دمڑ کی قیادت میں بی اے پی اور ان کے کاروان میں شمولیت کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ سینئر صوبائی وزیر نے جمعہ خان سنزرخیل اور ان کے خاندان کی شمولیت کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ حلقے میں مفاد عامہ کے حامل درجنوں منصوبوں پر تیز رفتاری سے کام جاری ہے جن کی تکمیل سے ضلع ماڈل ضلع بن جائے گا عوام کو سہولیات ان کی دہلیز پر فراہم کرنے کے لئے صوبائی حکومت اپنے وسائل بروئے کار لارہی ہے نوجوانوں کو میرٹ پر روزگار کی فراہمی اور ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل ان کی اولین ترجیح ہے۔ دریں اثناء حاجی نور محمد دمڑ نے وفاقی وزیر مذہبی امور مفتی عبدالشکور کی ٹریفک حادثے میں وفات پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا اور مرحوم کی بین المذاہب ہم آہنگی کے لئے خدمات کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے مرحوم کے اہل خانہ سے اظہار ہمدردی کی۔

## الیکشن پر ہمیں اعتراض نہیں، تاریخ سے مسئلہ ہے، مولانا عبدالواسع

**ابھی حالات صحیح نہیں، الیکشن اکتوبر سے آگے لے جانا ممکن نہیں ہوگا، بلوچستان کی ترقی چاہتے ہیں، گفتگو**

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام کے صوبائی امیر و وفاقی وزیر ہاؤسنگ اینڈ ورکس مولانا عبدالواسع نے کہا ہے کہ ملک کو بچانے کا واحد راستہ آئین و قانون کی حکمرانی ہے اگر اس پر عمل نہیں ہوا تو حالات مزید خراب ہو سکتے ہیں بطور پارٹی ہم کہتے ہیں الیکشن اپنے وقت پر ہونے چاہئیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بات چیت میں کیا، انہوں نے کہا کہ اگر ملک میں عدل و انصاف ہوتا تو آج ہم یہاں تک نہیں پہنچتے۔ انہوں نے کہا کہ ہر ادارے نے اپنا احترام کرانا ہے، پارلیمنٹ اور سپریم کورٹ کا اپنا اپنا کردار ہے جس کے لئے ہمارے پاس آئین بھی موجود ہے، انہوں نے کہا کہ ہمیں الیکشن پر اعتراض نہیں، تاریخ سے مسئلہ ہے۔ ابھی حالات صحیح نہیں ہیں، آئی ایم ایف کا قرضہ آنا ہے، ہمیں کچھ وقت چاہیے۔ الیکشن اکتوبر سے آگے لے جانا ممکن نہیں ہوگا۔ ساری جماعتیں بیٹھ کر طے کریں لیکن الیکشن ایک دن ہی ہوں گے، انہوں نے کہا کہ اس طرح کا الیکشن سب جماعتوں کو تسلیم ہے تو بسم اللہ، ہم پارلیمنٹ کی قرارداد کے ساتھ پوری طرح کھڑے ہیں، جب تک تمام اسٹیک ہولڈر کا اتفاق نہ ہوا الیکشن کا عمل بے سود ہوگا، فنڈز بھی جاری ہو جائیں تو یہ الیکشن کمیشن کے پاس یا سپریم کورٹ کے پاس رہیں گے۔ بلوچستان کی ترقی و خوشحالی چاہتے ہیں مگر یہ اب ممکن نہیں ہے جب جمعیت علماء اسلام کی حکومت آئیگی تو حالات میں بہتری آئے گی صوبے کی احساس محرومی کو ختم کیا جائے گا۔

### مفتی عبدالشکور متحرک نظریاتی اور محنتی کارکن تھے، مولانا عبدالواسع

کوئٹہ (پ ر) جمعیت کے صوبائی امیر مولانا عبدالواسع، صوبائی سیکرٹری جنرل مولانا سید آغا محمود شاہ، صوبائی سرپرست ضلعی کوئٹہ امیر مولانا عبدالرحمن رفیق صوبائی جوائنٹ سیکرٹری مولانا خورشید احمد جنرل سیکرٹری حاجی بشیر احمد کاکڑ مولانا قاری مہراللہ شیخ مولانا احمد جان مولانا محمد ہاشم خلیلی مولانا محمد ایوب سیکرٹری اطلاعات عبدالحئی شہزاد اور دیگر نے جمعیت کے وفاقی وزیر مذہبی امور مفتی عبدالشکور کی اسلام آباد میں ٹریفک حادثے میں شہادت پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ جمعیت ایک متحرک نظریاتی کارکن ملک ایک ایماندار اور محنتی وزیر سے محروم ہو گیا شہید نے پوری زندگی سخت اور نامساعد حالات میں گزار کر ملک و قوم کی بے پناہ خدمت کی انہوں نے کہا کہ جمعیت اور کارکن ایک بہت بڑے حادثے اور صدمے سے دوچار ہوئے۔


MASHRIQ QUETTA


## سیاسی و ریاستی قیادت کے مابین میثاق قومی سلامتی و ملکی بقاء ناگزیر ہے، صالح بھوتانی

**ضد انا پرستی اور ذاتی مفادات کے حصول کی سوچ سے ملک کو درپیش حالات کی سنگینی میں مزید اضافہ ہوگا، سینئر صوبائی وزیر**

**بحرانوں سے دائمی نجات کے لئے قابل عمل متفقہ لائحہ عمل اختیار کر کے متفقہ قانون سازی کی جائے، صوبائی صدر بی اے پی**

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے صوبائی صدر سینئر صوبائی وزیر بلدیات سردار صالح بھوتانی نے کہا ہے کہ سیاسی و ریاستی قیادت کے مابین میثاق قومی سلامتی و ملکی بقا انتہائی ناگزیر ہے، ضد انا پرستی اور ذاتی مفادات کے حصول کی سوچ سے ملک کو درپیش حالات کی سنگینی میں مزید اضافہ ہوگا۔ یہ بات انہوں نے پارٹی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات چوہدری شبیر سے ٹیلی فونک بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ اقتدار کی رسہ کشی ایک دوسرے پر الزام تراشی کی بجائے ملک و قوم کو درپیش سنگین مسائل اور معاشی بحران سے دائمی نجات کے لئے قابل عمل متفقہ لائحہ عمل اختیار کرنے اور پارلیمنٹ کی توقیر کی بحالی و مضبوطی کے لیے متفقہ قانون سازی کی جائے سیاسی معاشی ریاستی اور دیگر تمام مسائل کا حل مضبوط با اختیار پارلیمنٹ ہے سردار بھوتانی نے کہا کہ ریاست کا سب سے اہم ترین ستون پارلیمنٹ اور تمام ریاستی ادارے اسی بنیادی ستون کے سہارے قائم ہیں۔ جمہوری عظمت و اقتدار کا تقاضا ہے کہ تمام ریاستی ادارے پارلیمنٹ کے سامنے سرنگوں ہو کر آئین کے دائرہ کار میں رہتے ہوئے اپنے فرائض کی ادائیگی یقینی بنائیں۔

حکومتی سرگرمیاں

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2 DATE: 17 APR 2022 Page No: 5

## کوسٹل ہائی وے پولیس کو جدید خطوط پر استوار کر رہے ہیں، برکت حسین کھوسہ

**فورس ایک ہزار سے زائد کی نفری پر مشتمل، 2 ریسکیو سینٹر اور 9 مختلف مقامات پر چیک پوسٹیں بھی قائم کی جائیں گی، ڈی آئی جی کی کمپلیکس کا سنگ بنیاد رکھنے کے موقع پر گفتگو**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ڈی آئی جی کوسٹل ہائی وے برکت حسین کھوسہ نے کہا ہے کہ فورس میں بھرتیوں کا سلسلہ جاری ہے مختلف مقامات پر چیک پوسٹیں تعمیر کی جا رہی ہیں کوسٹل ہائی وے پولیس کمپلیکس میں افسران کے دفاتر اور رہائش گاہیں تعمیر ہونگی۔ یہ بات انہوں نے گزشتہ روز اورماڑہ شہر میں کوسٹل ہائی وے پولیس کمپلیکس کا افتتاح کرنے کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ایس پی کوسٹل ہائی وے زون ون خورشید احمد ایس پی کوسٹل ہائی وے زون ٹو عبدالواحد ڈی ایس پیز امام بخش بلوچ رانا شوکت جاوید تحصیلدار نور خان اور دیگر بھی موجود تھے۔ ڈی آئی جی نے بتایا کہ صوبائی حکومت خاص طور پر آئی جی پولیس عبدالخالق شیخ کی جانب سے کوسٹل ہائی وے پولیس کی تشکیل کے لیے انہیں خصوصی ٹاسک تفویض کیا گیا تھا۔ جس کو مکمل کرنے کیلئے وہ اپنی ٹیم کے ہمراہ تمام وسائل بروئے کار لا رہے ہیں انہوں نے مزید بتایا کہ کوسٹل ہائی وے پولیس ایک ہزار 38 اہلکاروں کی نفری پر مشتمل ہوگی جب کہ کوسٹل ہائی وے پر 2 ریسکیو سینٹر اور 9 مختلف مقامات پر چیک پوسٹیں تعمیر کی جائیں گی۔ ہر ایک پوسٹ کے لیے 100 اہلکاروں کی تعیناتی عمل میں لائی جائے گی۔ 3 پوائنٹ پر سرکل آفیسر قائم کیے جائیں گے جہاں ڈی ایس پیز تعینات ہوں گے۔ 2 ایس پی آفس اورماڑہ اور گوادر کے مقام پر قائم ہوں گے جب کہ ایک ڈی آئی جی اورماڑہ کے مقام تعینات ہوگا، گوادر کی تحصیل اورماڑہ کو صدر مقام بنانے کا فیصلہ بھی کر لیا گیا ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ 2 ریسکیو سینٹروں میں 50 اہلکاروں کے لیے گنجائش ہوگی۔ فورس میں بھرتیوں کا عمل جاری ہے جبکہ چیک پوسٹوں کی تعمیرات کا سلسلہ شروع کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ فورس کو جدید دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ کیا جائیگا۔

MASHRIQ QUETTA

## لیویز لائن کوہلو وزیر اعلیٰ پیکیج کے تحت راشن تقسیم، ڈی سی نے نگرانی کی

**لیویز رسالدار میجر شیر محمد مری اپنی ٹیم کے ہمراہ نظم و ضبط کے ساتھ راشن تقسیم کیا**

**وزیر اعلیٰ بلوچستان کے مشکور ہیں بدترین مہنگائی میں ہمارے لئے راشن کا بندوبست کیا، مستحقین**

کوہلو (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان رمضان پیکیج کے تحت ضلع کوہلو کے غریب اور مستحق افراد میں مفت راشن تقسیم کرنے کا سلسلہ جاری ہے، ڈپٹی کمشنر کوہلو اعجاز احمد جعفر کی سربراہی میں رسالدار میجر شیر محمد مری لیویز کے ہمراہ ضلع کے مختلف علاقوں میں مستحق افراد میں راشن تقسیم کیے رمضان پیکیج کے تحت ضلع کوہلو کے غریب اور نادار افراد کو لیویز لائن کوہلو میں راشن فراہم کیا جا رہا ہے پہلے مرحلے میں ضلع کے 222 یتیم، بیوہ اور معذور افراد میں راشن تقسیم کیا گیا دوسرے مرحلے میں ضلع کے 250 غریب اور مستحق افراد میں راشن تقسیم کرنے کے بعد رمضان پیکیج کے تیسرے مرحلے میں 422 مستحقین کو راشن فراہم کیا جائیگا راشن میں آٹا، چاول، گھی، چینی، پتی، سمیت اشیاء خورد و نوش شامل ہے ڈپٹی کمشنر کوہلو اعجاز احمد جعفر راشن پیکیج کی خود نگرانی کر رہے ہیں رسالدار میجر شیر محمد مری اور لیویز کی مختلف ٹیم کے ساتھ ماہ صیام کے باوجود لیویز لائن کوہلو میں نظم و ضبط کے ساتھ مستحق افراد میں راشن کی تقسیم کو یقینی بنا رہے ہیں اس موقع پر غریب اور مستحق افراد نے وزیر اعلیٰ بلوچستان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ہم وزیر اعلیٰ بلوچستان کے مشکور ہیں انہوں نے مہنگائی میں عوام کو ریلیف مہیا کیا جس سے غریب اور مستحق افراد کا گزر بسر ہوگا۔ اس موقع پر غریب عوام نے ڈپٹی کمشنر کوہلو اور رسالدار میجر شیر محمد مری کا بھی شکریہ ادا کیا ہے۔

## 160 پولیس اہلکار ٹریفک پولیس کو دیئے ہیں، ڈی آئی جی

**ہمارا مقصد عوام کو ٹریفک جام جیسے مسائل سے چھٹکارا دلانا ہے، غلام اظفر مہیسر**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ڈی آئی جی پولیس کوئٹہ غلام اظفر مہیسر نے کہا ہے کہ رمضان کے آخری عشرے میں ٹریفک کی روانی کو برقرار رکھنے کیلئے 160 پولیس کے اہلکار ٹریفک پولیس کے دیئے ہیں جس کا مقصد عوام کو ٹریفک جام جیسے مسائل سے چھٹکارا دلانا ہے، ایس پی ٹریفک پولیس سٹی سرکل ملک جاوید احمد خان کا کہنا ہے کہ ڈی آئی جی پولیس......

بقیہ نمبر 75 صفحہ 9 پر

کوئٹہ غلام اظفر مہیسر کی خصوصی ہدایت پر ایس ایس پی ٹریفک پولیس محمد بہرام مندوخیل کی جانب سے ماہ صیام کے آخری عشرے میں ٹریفک کی روانی کو برقرار رکھنے کیلئے ٹریفک پولیس کو مزید 160 پولیس اہلکار دیئے گئے ہیں جو آخری عشرے میں کوئٹہ کے گنجان آباد علاقوں میں اور ٹریفک کے رش والے مقام پر ڈیوٹی سرانجام دینگے تاکہ ٹریفک کی روانی کو برقرار رکھنے کیساتھ ساتھ ٹریفک قوانین کی آگاہی بھی دینگے، ایس پی سٹی سرکل کا کہنا تھا کہ بلوچستان کی تاریخ میں یہ پہلی بار ہوا ہے۔

## کرپشن پرسیپشن انڈیکس میں بلوچستان کا تذکرہ من گھڑت ہے، بابر یوسف زئی

**انڈیکس سے متعلق سروے 2017 کے ہیں جو جعلی اور حقیقت کے منافی ہیں، ترجمان وزیر اعلیٰ**

کوئٹہ (خ ن) ترجمان وزیر اعلیٰ بلوچستان بابر یوسف زئی نے کرپشن پرسیپشن انڈیکس لسٹ میں بلوچستان کے سرفہرست رہنے کے حوالے سے گردش کرنے......

بقیہ 40 صفحہ نمبر 9 پر

والی خبروں کو بے بنیاد اور من گھڑت قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ اس انڈیکس سے متعلق سروے 2017 کے ہیں جو جعلی اور حقیقت کے منافی ہیں انہوں نے کہا کہ اسمارٹ فون سے کرپشن پرسیپشن انڈیکس 2016-17 کو شیئر کیا گیا ہے جس کا ایک اسکرین شاٹ فیس بک اور واٹس ایپ اکاؤنٹس پر وائرل ہوا ہے جو بلوچستان کے حوالے سے جعلی ہے ٹرانسپیرنسی انٹرنیشنل کی آفیشل ویب سائٹ پر کرپشن پرسیپشن انڈیکس 2016 میں بلوچستان کا کوئی ذکر نہیں ہے

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 2 DATE: 17 APR 2023 Page No: 7


## محکمہ خزانہ کی جانب سے حل طلب مسائل کو زیر التوا رکھنا سوالیہ نشان ہے، گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن

**جونیئر کیڈر اساتذہ اہیڈ ماسٹر اہیڈ مسٹریس کی اپ گریڈیشن، پری میچور انکریمنٹ کی بے جا کٹوتی سے اساتذہ اضطراب کا شکار ہیں**

کوئٹہ(یو این اے )گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن بلوچستان کے مرکزی بیان میں اس امر کو سوالیہ نشان قرار دیتے ہوئے کہا گیا ہے کہ محکمہ خزانہ جونیئر کیڈر اساتذہ کرام و ہیڈ ماسٹر اہیڈ مسٹریس کی اپ گریڈیشن میں بلا جواز اور غیر ضروری ابہام پیدا کرنے کی کوشش میں ہے حالانکہ محکمہ قانون و پارلیمانی امور کی جانب سے تمام سٹیک ہولڈرز کی موجودگی میں مذکورہ اپ گریڈیشن کی منظوری دی گئی تھی مگر جب وہ سمری محکمہ خزانہ پہنچی تو محکمہ خزانہ ٹال مٹول اور لیت لال بقیہ نمبر66 صفحہ 7پر

سے کام لے کر اپ گریڈیشن کی راہ میں رکاوٹ بن گیا ہے جو کہ غیر مناسب اور افسوسناک ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ یہ بات [illegible] ہے کہ 2014 سے دی جانے والی پری میچور انکریمنٹ کی ریکوری 2022 میں شروع کر دی، گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن بلوچستان کی وفد نے تمام متعلقہ دستاویزات و نوٹیفکیشن کے ساتھ محکمہ خزانہ کے افسران کے ساتھ گفت و شنید کی تو یہ طے پایا کہ محکمہ خزانہ جلد عدم کٹوتی کا کلیئر نوٹیفکیشن نوٹیفکیشن جاری کرے گا مگر تا حال کٹوتی جاری ہے بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ محکمہ خزانہ کی جانب سے گزشتہ سال ایک اور اساتذہ دشمن نوٹیفکیشن جاری ہوا ہے جس میں نئے بھرتی ہونے والے اساتذہ کرام کی ٹائم سکیل ختم کر دی گئی ہے حالانکہ اساتذہ کرام کو ٹائم سکیل اس بنیاد پر دی گئی ہے کہ ان کی پرموشن تین سالوں میں بھی نہیں ہوتی۔ بیان میں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو، چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی، وزیر خزانہ انجینئر زمرک خان اچکزئی سے اپیل کرتے ہوئے کہا ہے کہ ذاتی دلچسپی لے کر ہمارے جائز اور تسلیم شدہ مطالبات حل کروانے کے احکامات صادر کریں تاکہ بلوچستان بھر کے اساتذہ کرام میں پائی جانے والی اضطراب اور پریشانی ختم ہو۔

## کوئٹہ شہر میں تجاوزات کے خلاف کریک ڈاؤن کیا جائے گا" ایڈمنسٹریٹر

**تجاوزات قائم کرنے کی اجازت نہیں، قانون کی خلاف ورزی کرنے پر قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی**

**کارپوریشن عملے کے ہمراہ تجاوزات کیخلاف کارروائی کرتے ہوئے سرکلر روڈ پر قائم کھوکا کو مسمار کر دیا گیا**

کوئٹہ(یو این اے )ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن طارق جاوید مینگل کی ہدایت پر انکروچمنٹ انچارج علی رضا مجسٹریٹ جواد زہری نے دیگر عملے کے ہمراہ تجاوزات کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے سرکلر روڈ پر غیر قانونی طور پر قائم کھوکا کو مسمار کر دیا گیا ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ طارق جاوید مینگل نے تجاوزات کے خلاف بقیہ نمبر37 صفحہ 7پر

کارروائی کرنے پر عملے کی کارکردگی کو سراہا اور ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا کہ کوئٹہ شہر بھر میں تجاوزات کے خلاف کریک ڈاؤن کیا جائے گا اور کسی کو بھی تجاوزات قائم کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی قانون کی خلاف ورزی اور تجاوزات قائم کرنے والوں کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی انہوں نے عملے کو ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ شہر میں تجاوزات کے خلاف بھرپور کارروائی کی جائے اور [illegible] ہونے والوں کے خلاف قانونی کارروائی جاری رہے گی اس سلسلے میں انہوں نے عوام اور تاجروں سے اپیل کی کہ اگر شہر کی کسی بھی جگہ پر کوئی تجاوزات قائم کیے گئے ہیں تو وہ میٹروپولیٹن کارپوریشن کے حکام سے رابطہ کریں تاکہ ان کے خلاف کارروائی کریں عوام اور تاجر بھی غیر قانونی تجاوزات کے خلاف آواز اٹھائیں۔

## اونٹوں میں پراسرار بیماری 30 ہلاک، عوام گوشت استعمال نہ کریں، انتظامیہ

**کوئٹہ اور گردونواح میں زہریلی چیز کھانے سے اونٹ ہلاک ہوئے، ڈی سی کوئٹہ**

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ شہک بلوچ اور اسسٹنٹ کمشنر کچلاک ارسلان چوہدری کی جانب سے عوام الناس کو اطلاع اور ان سے گزارش کی جاتی ہے کہ کوئٹہ اور گردونواح میں گزشتہ روز زہریلی چیز کھانے سے اونٹوں میں بیماری پھیل چکی ہے جس کے نتیجے میں 20 اونٹ ہلاک اور کئی اونٹوں کی حالت غیر ہیں لہذا عوام الناس سے گزارش کی جاتی ہے کہ کوئٹہ میں اونٹ بقیہ نمبر39 صفحہ 7پر

کے گوشت خریدتے وقت ضلعی انتظامیہ اور فوڈ اتھارٹی کا تصدیق شدہ سٹیمپ دیکھ کر خریداری کریں۔

امن وامان

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4 DATE: 17 APR 2023 Page No: 9

## فائرنگ سے موٹر سائیکل سوار ہلاک

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) سریاب مل میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے موٹر سائیکل سوار نوجوان ہلاک جبکہ دوسرا زخمی ہو گیا پولیس کے مطابق سریاب مل کا رہائشی نوجوان کلیم اللہ اپنے دوست سعید احمد کے ہمراہ موٹر سائیکل پر گزشتہ شب افطاری سے پہلے گھر جا رہا تھا کہ نامعلوم موٹر سائیکل سواران پر فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہو گئے فائرنگ کے نتیجے میں کلیم اللہ موقع پر ہی جاں بحق جبکہ سعید احمد شدید زخمی ہو گیا اطلاع ملنے پر پولیس کی بھاری نفری نے موقع پر پہنچ کر لاش اور زخمی کو ہسپتال پہنچایا جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثا کے حوالے کر دی پولیس نے بتایا کہ واقعہ دشمنی کا معلوم ہوتا ہے۔ تاہم مقدمہ درج کر کے مزید تحقیقات شروع کر دی گئی ہے۔

## وزیر داخلہ کا ٹریفک حادثے پر اظہار افسوس

کوئٹہ (خ ن) وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے لیویز اہلکاروں کی ٹریفک حادثے میں قیمتی جانوں کے نقصان پر افسوس کا اظہار کیا ہے اور جاں بحق اہلکاروں کے لواحقین سے اظہار ہمدردی بھی کی ہے۔

## بارکھان میں گاڑی پر فائرنگ ایک شخص ہلاک

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بارکھان میں گاڑی پر نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق ہو گیا۔ لیویز کے مطابق بارکھان کے علاقے رکنی کا رہائشی جامیر خان گاڑی میں بارکھان جا رہا تھا کہ نامعلوم اس کی گاڑی پر فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہو گئے فائرنگ کے نتیجے میں وہ موقع پر ہی جاں بحق ہو گیا اطلاع ملنے پر لیویز کی بھاری نفری نے موقع پر پہنچ کر لاش کو ہسپتال پہنچایا جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثا کے حوالے کر دی۔

## کوئٹہ، مسروقہ موٹر سائیکل، موبائل فون اور گاڑی برآمد، 10 اشتہاری گرفتار

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پولیس نے موٹر سائیکل چھیننے اور منشیات فروشوں کیخلاف کارروائی کرتے ہوئے 10 اشتہاری مفرور ملزمان کو گرفتار کر کے مسروقہ موٹر سائیکل، گاڑی، موبائل فون، چرس اسلحہ قبضے میں لے لیا، پولیس کے مطابق ایس ایچ او نیو کلاک جمیل کاکڑ نے عملے کے ہمراہ دوران چیکنگ موٹر سائیکل چھیننے والے گروہ کے کارندے محمد عیسیٰ سے چھینی گئی موٹر سائیکل قبضے میں لے لی جبکہ شہید منصور ترین تھانے کی پولیس نے اشتہاری نعمت اللہ کو گرفتار کر مسروقہ سامان قبضے میں لے لیا تھانہ ایئرپورٹ پولیس نے منشیات فروشوں ڈکیتی کے گروہ کیخلاف کارروائی کرتے ہوئے منشیات فروش فہد سے 15 کلو چرس برآمد ہونے پر ملزم کو گرفتار کر لیا جبکہ ایک اور کارروائی میں ڈکیتی میں ملوث تین ملزمان عبداللہ، ولی محمد اور لعل محمد کو گرفتار کر کے ایک پسٹل بمعہ راؤنڈ برآمد کر لیا گیا۔ بروری پولیس نے موبائل فون چھیننے اور اشتہاری ملزمان کیخلاف کارروائی کرتے ہوئے اسامہ احسان شاہنواز کو جبکہ اشتہاری ملزم اختر محمد کو گرفتار کر لیا ملزمان کے قبضے سے چھینا گیا موبائل اور واردات میں استعمال ہونے والا پستول بھی برآمد کر لیا گیا۔

## قلعہ عبداللہ دوست کی فائرنگ سے دوست ہلاک

قلعہ عبداللہ (نامہ نگار) دوست نے دوست کو گولی مار کر ہلاک کر دیا۔ اطلاع کے مطابق قلعہ عبداللہ کے قریب کلی مسیزئی میں دوست نے معمولی تنازع پر نصیب اللہ کاکڑ کو کلاشنکوف سے فائرنگ کر کے ہلاک کر دیا اور موقع سے فرار ہو گیا۔

MASHRIQ QUETTA

## ضلع پشین کے علاقے بادیزئی اور گرد و نواح میں ڈاکو راج

چند دنوں کے دوران متعدد افراد موٹر سائیکلوں، موبائل فونز سے محروم ہو گئے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان کے ضلع پشین کے علاقے بادیزئی اور گرد و نواح میں ڈاکو راج، گزشتہ چند دنوں کے دوران متعدد افراد موٹر سائیکلوں موبائل فونز اور محروم ہو گئے ہیں لیکن انتظامیہ کا کردار خاموش تماشائی سے زیادہ نہیں تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز پشین کے علاقے کلی چر بادیزئی کے قریب مسلح ڈاکوؤں نے فرمان اللہ نامی نوجوان کو دن .......... بقیہ نمبر 82 صفحہ 9 پر

ہاڑے موٹر سائیکل، موبائل فون اور 10 ہزار روپے سے محروم کر دیا اور باسانی فرار ہو گئے اس سے قبل بھی کلی جنگل طور خیل کے قریب مسلح موٹر سائیکل سواران نے فرید اللہ اور سید حسین احمد کو موبائل فونز اور نقدی سے محروم کر دیا تھا اور فرار ہو گئے تھے اس کے علاوہ بھی علاقے میں چوری اور ڈکیتی کی وارداتیں تسلسل کے ساتھ جاری ہیں

عوامی مسائل

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 5　　DATE: 17 APR 2023　　Page No: 10

## نواں کلی مین روڈ ٹوٹ پھوٹ کا شکار، جابجا گڑھے بن گئے، ٹریفک روانی متاثر

**سیوریج سسٹم بھی درہم برہم، گندا پانی سڑک پر جمع، متعلقہ حکام کو آگاہ کرنے کے باوجود شنوائی نہیں ہو رہی، اہل علاقہ**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) نواں کلی کا مین روڈ ٹوٹ پھوٹ کا شکار، جا بجا گڑھے بننے کے باعث ٹریفک حادثات بھی جنم لے رہے ہیں، تفصیلات کے مطابق نواں کلی کا مین روڈ ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہو چکا ہے، مون سون بارشوں کے بعد جگہ جگہ گڑھے پڑ چکے ہیں جن کی وجہ سے ٹریفک کی روانی بری طرح متاثر ہو رہی ہے، شہریوں کا کہنا ہے کہ علاقے کے عوامی نمائندوں کو ان مسائل سے کوئی سروکار نہیں، انھوں نے شہریوں کو حالات کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا ہے، بارشوں سے پہلے بھی اس کی نشاندہی کی گئی تھی کہ سڑک ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہے، اس کی مرمت کی جائے لیکن کوئی شنوائی نہیں ہوئی، اب بارشوں کی وجہ سے سڑک پر مختلف مقامات پر گڑھے پڑ چکے ہیں جس کی وجہ سے ٹریفک حادثات بھی جنم لے رہے ہیں، ایمرجنسی میں مریضوں کو بروقت ہسپتال پہنچانا مشکل ہو گیا ہے جبکہ گاڑیوں اور موٹر سائیکل سواروں کو نقصانات کا بھی سامنا ہے، نواں کلی لاکھوں نفوس پر مشتمل آبادی ہے، انھوں نے کہا کہ پلازوں کی تعمیر نے رہی سہی کسر بھی پوری کر دی ہے، تعمیراتی سامان ریت، بجری، اور سریہ وغیرہ سڑک پر بکھرا رہتا ہے، جبکہ سڑک پر ہی سریہ کاٹنے سے روڈ ٹوٹ چکی ہے، اس کے علاوہ تعمیراتی سامان کی وجہ سے نالیاں بھی بند ہو جاتی ہیں، انھوں نے کہا کہ نواں کلی مین روڈ پر ڈبل پارکنگ کا مسئلہ بھی حل نہیں ہوسکا، ڈبل پارکنگ سے ٹریفک جام ہوتی ہے اور گھنٹوں ٹریفک رکی رہتی ہے، یہ صورتحال اس وقت اور بھی خراب ہو جاتی ہے جب ریڑھی بان بھی اپنی ریڑھیاں سڑک کے بیچوں بیچ کھڑی کر دیتے ہیں، کسی ایمرجنسی کی صورت میں یہاں سے گزرنا ہو تو تقریباً ناممکن ہو جاتا ہے۔ شہریوں نے متعلقہ حکام کی توجہ اس جانب مبذول کراتے ہوئے کہا کہ فوری طور پر سڑک کی تعمیر کی جائے۔

MASHRIQ QUETTA

## گوادر میں راشن کی تقسیم چھینا جھپٹی میں بچہ بیہوش ہوگیا

**اعلان ہوتے ہی مستحقین کا سیلاب امنڈ پڑا، شہری کم راشن ملنے پر ناراض**

گوادر (این این آئی) گوادر ضلع کے ہزاروں مستحقین کے لئے چند پیکٹ خوراک اور راشن اونٹ کے منہ میں زیرا کے برابر، مستحقین کا سیلاب امنڈ پڑا، مستحقین کی پیکٹ کے حصول کے لئے چھینا جھپٹی، رش کی وجہ سے ایک بچہ بے ہوش ہوگیا، تفصیلات کے مطابق گوادر لیویز تھانہ کے سامنے حکومت بلوچستان کی غربت مٹاؤ پروگرام کے......... بقیہ نمبر 59 صفحہ 9 پر

تحت ضلع گوادر کے لئے 500 پیکٹ راشن تقسیم کرنے کا عمل شروع ہوگیا، گوادر میں راشن کی تقسیم کے دوران مستحقین کا سیلاب امنڈ پڑا جس سے رش کی وجہ سے ایک بچہ بے ہوش ہوگیا، مستحقین کا بڑی تعداد میں آنے کی وجہ سے مستحقین کی پیکٹ کے حصول کے لئے چھینا جھپٹی شروع ہوگئی جس کے سبب مستحقین کا ہجوم آپس میں الجھ پڑنے کے بعد لیویز اہلکاروں نے مین گیٹ بند کر دیا گیا۔ عوامی حلقوں نے ضلع گوادر کے ہزاروں مستحقین کے لئے 500 پیکٹ راشن کی تقسیم کو حکومت بلوچستان کی بے حسی قرار دیکر ان چند پیکٹ کو مستحقین کے لئے چند پیکٹ خوراک اور راشن اونٹ کے منہ میں زیرا کے برابر قرار دے دیا۔

## کوئٹہ میں بدترین مہنگائی کے باوجود عیدالفطر کی تیاریوں کی رونقیں

**بازاروں میں رش، اکثریت خواتین و بچوں کا ہے، لوگ مالی بحران بھول گئے**

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں بدترین مہنگائی کے باوجود اپنے روایتی ثقافت کو پورا کرنے کیلئے کوئٹہ شہر میں رش لگنا شروع ہوگیا ہے رمضان المبارک دوسرے عشرے کے اختتام اور تیسرے عشرے آغاز کے ساتھ ہی بازاروں میں عید کی خریداری کے لئے آنے والوں کا رش لگ گیا ہے مہنگائی کے باوجود لوگ بھرپور شاپنگ میں مصروف ہیں......... بقیہ نمبر 55 صفحہ 9 پر

خواتین اور بچوں سمیت مرد حضرات بھی مارکیٹوں میں اپنے دسترس کے مطابق کپڑے جوتے اور چادر خرید رہے ہیں بازاروں میں مردوں سے زیادہ اکثریت میں خواتین اور بچوں کی ہے بلوچستان میں ایک جانب مالی بحران ہے تو دوسری جانب عیدالفطر کی خوشیاں منانے کیلئے ایسا نہیں لگ رہا ہے کہ کوئی مالی بحران ہو، عیدالفطر کے موقع پر لوگ سب کچھ بھلا کر عیدالفطر منانے میں مصروف عمل ہے۔

ادارے، مضامین

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Baakhabar Quetta

Bullet No. 6

DATE: 17 APR 2023

Page No: 11

Balochistan Time Quetta

## بلوچستان پولیس میں خواتین پر مشتمل اینٹی رائٹ ونگ کا قیام

بلوچستان پولیس میں خواتین پر مشتمل اینٹی رائٹ ونگ قائم کر دیا گیا ہے جس میں چالیس تربیت یافتہ خواتین کیڈٹس شامل ہیں۔ ابتدائی طور پر یہ ونگ کوئٹہ کے لئے ہے وزیراعلیٰ عبدالقدوس بزنجو نے اس ونگ کے قیام کا خیر مقدم کرتے ہوئے ہدایت کی ہے کہ اسے ڈویژن اور ضلع کی سطح تک بڑھایا جائے ان کا کہنا ہے کہ عوام کے جان و مال کا تحفظ حکومت کی بنیادی ذمہ داری ہے اور اس مقصد کے لئے پولیس کو تمام وسائل فراہم کیے جائیں گے۔ خواتین پر مشتمل انٹی رائٹ ونگ کا قیام خواتین کو ہر سطح پر نمائندگی دینے اور پولیس فورس میں ان کی موثر شمولیت کے حوالے سے صوبائی حکومت کے عزم کا آئینہ دار ہے خواتین کے اینٹی رائٹ ونگ کا قیام ملک میں اپنی نوعیت کا پہلا تجربہ ہے کیونکہ کسی اور صوبے میں اب تک پولیس میں ایسا شعبہ تشکیل نہیں دیا گیا توقع ہے کہ اس ونگ میں شامل بلوچستان کی خواتین اپنی ذمہ داریوں سے احسن طور پر عہدہ برآ ہونگی اور صوبے میں امن و امان کے حوالے سے اپنا کردار توقعات سے بڑھ کر ادا کریں گی۔

## Promoting local industries

Balochistan is famous for its unique and intricate production of handicrafts which include hand-made Balochi shoes known for their durability, uniqueness and fineness all over the country; fine mirror work, embroidery, and marble work and fine quality precious stones. The hand-made manufacturing of Balochi shoes, bags, welts, cloths, hand bags and much other stuff are fine work requiring keen attention and hard work and great potential to attract buyers and earn revenue. The handicrafts of Balochistan which have huge potential to provide employment opportunities to the locals, need government attention to get market approach. The local handicrafts have been made in a huge quantity across the province, which were popular across the country could be revealed a best source of income of the local women. Unfortunately, no serious attention has been paid by the successive governments to promote handicraft sector in Balochistan therefore despite all the uniqueness, the handicraft sector could not thrive in the province. This heritage is diminishing due to the rising prices of raw material and lack of patronage from the government. No policy can be formulated for the home-based workers associated with traditional shoe-making unless and until authentic data and statistics is collected about these disadvantaged workers. There is no official data available on the skilled persons who made handicrafts and other artwork, and in return they were paid very little. Home-based workers are an important part of Balochistan's informal economy. Home-based work exists in all sectors of employment including handicrafts, manufacturing and agro-based sectors. It is an important source of employment for the local women who lack social security protection. A little focus on the part of government can bring a huge change in the life of workers associated with handicraft sector. Through giving it status of industry and encouraging workers, the handicraft sector of the province has potential to engage a huge number of families to earn a respectable livelihood and contribute to strengthen provincial economy. It is necessary, the government should play its due role in promoting handicrafts being made in the neglected rural and semi-urban areas of the province by arranging exhibitions, trade fairs and craft bazaars both at home and abroad to create a market for them. The government should also work for skill enhancement and capacity building of handicrafts makers, besides evolving a value addition mechanism for them. There is need of establishment of handicrafts stalls to generate revenue and create employment opportunities as it would acquaint the people of different regions with diverse culture and traditions of Balochistan.

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily:

Bullet No. 6 DATE: 17 APR 2023 Page No: 12

## بلوچستان کی خونی شاہراہیں، کیا کیا جاسکتا ہے؟

بلوچستان سمیت ملک بھر اور مجموعی طور پر پوری دنیا میں ٹریفک حادثات رونما ہوتے رہتے ہیں اور ظاہری بات ہے کہ ٹریفک حادثات پر سو فیصد قابو پانا مشکل ہی نہیں بلکہ ناممکن بھی ہے تاہم وطن عزیز پاکستان اور باقی دنیا کا موازنہ اگر کیا جائے تو باقی دنیا میں اگر کوئی حادثہ رونما ہوتا ہے تو بھلے اس میں انسانی جان کا ضیاع بھی نہ ہو پھر بھی حادثے کے محرکات کا پتہ لگایا جاتا ہے اور اگر کوئی ذمہ دار ہو تو اس کے خلاف قانون کو حرکت میں آتے دیر نہیں لگتی مگر بدقسمتی سے ہمارے ہاں صورتحال اس کے بالکل الٹ ہے یہاں ایک ایک حادثے میں درجنوں افراد کی جانیں چلی جاتی ہیں چند دنوں تک میڈیا پر حادثے سے متعلق خبریں رپورٹ ہوتی ہیں اعلیٰ حکام نوٹس لے لیتے ہیں انکوائری کمیٹی بھی بٹھا دی جاتی ہے لیکن نہ تو محرکات ڈھونڈ کر رپورٹ پبلک کی جاتی ہے اور نہ ہی ذمہ دار عناصر کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جاتی ہے نتیجہ کیا نکلتا ہے؟ نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ ٹریفک حادثات کی شرح کم ہونے کی بجائے بڑھتی چلی جاتی ہے بالخصوص ہمارے صوبے (بلوچستان) میں اس حوالے سے صورت احوال انتہائی الیاتی ہے آئے روز قومی شاہراہوں پر حادثات پیش آتے ہیں صاف پتہ لگتا ہے کہ حادثات کے پیچھے انسانی غفلت کارفرما ہے لیکن پھر بھی کارروائی عمل میں نہیں آتی کوئٹہ سے اندرون ملک جانے والی قومی شاہراہوں بی جیک آباد، کوئٹہ بولان، کوئٹہ ژوب، ژوب ڈی آئی خان، کوئٹہ لورالائی، لورالائی ڈی جی خان، چمن کوئٹہ اور کوئٹہ کراچی شاہراہ پر آئے روز افسوسناک حادثات پیش آتے رہتے ہیں سب سے زیادہ حادثات کوئٹہ کراچی شاہراہ پر رونما ہوتے ہیں یہی وجہ ہے کہ اب اس شاہراہ کو خونی شاہراہ بھی کہا جاتا ہے اس خونی شاہراہ پر ابھی گزشتہ روز بھی ایک افسوسناک حادثہ پیش آیا ہے جس میں پانچ پولیس اہلکار جاں بحق ایک زخمی ہو گیا ہے ڈپٹی کمشنر خضدار کے مطابق چھ پولیس اہلکار ایک کار کے ذریعے کوئٹہ سے لسبیلہ جا رہے تھے وڈھ کے قریب مخالف سمت سے آنے والے ٹرک کے ساتھ تصادم میں کار میں سوار پانچ پولیس اہلکار موقع پر شہید جب کہ ایک شدید زخمی ہو گیا۔ پولیس اہلکار کوئٹہ میں ٹریننگ پر تھے اور گزشتہ روز کوئٹہ سے عید منانے اپنے گھر کو جا رہے تھے یہ

آئے روز اسی نوع کے حادثات پیش آتے رہتے ہیں اب تک کوئٹہ سے اندرون ملک جانے والی قومی شاہراہوں پر گزشتہ چار پانچ سال کے دوران پیش آنے والے ہزاروں حادثات میں ہزاروں افراد شہید ہوئے ہیں زخمی اور عمر بھر کے لئے معذور ہونے والے افراد کا تو کوئی شمار ہی نہیں ان حادثات میں اعلیٰ سرکاری افسران، سیکورٹی اہلکار و افسران، عوامی نمائندے، سیاسی، سماجی، قبائلی رہنماء، علمائے کرام، وکلاء، ڈاکٹرز، اساتذہ، زمیندار ہر طبقے سے تعلق رکھنے والے مرد و خواتین جاں بحق، زخمی یا معذور ہوئے ہیں اکثر حادثات کے بعد عینی شاہدین نے جو بیانات دیئے ہیں وہ ریکارڈ پر ہیں کہ حادثہ تیز رفتاری کے باعث پیش آئے، ڈرائیور کو اونگھ آ گئی، گاڑی میں پٹرول اور ڈیزل تھا، گاڑی اوورلوڈ تھی، ڈرائیور نشے میں تھا، ڈرائیور کی نیند پوری نہیں تھی وغیرہ وغیرہ ہم یہ سمجھتے ہیں کہ ان حادثات کی ذمہ داری حکومت، انتظامیہ اور ٹرانسپورٹ کمپنیوں سبھی پر عائد ہوتی ہے حکومت ہر سال مختلف منصوبوں پر اربوں روپے خرچ کرتی ہے کیا وفاق کی مدد اور تعاون سے صوبائی حکومت موٹروے اور دو رویہ شاہراہ نہیں بنا سکتی، سخت قوانین موجود ہیں تو حکومت انتظامیہ کی مدد سے ان پر عملدرآمد کیوں نہیں کرتی اور ہر حادثے کے بعد ٹرانسپورٹ مالکان کیوں خود کو لاتعلق کر لیتے ہیں کیا یہ درست نہیں جتنی بھی ٹرانسپورٹ کمپنیاں ہیں وہ ڈرائیورز کو کم تنخواہیں دیتے ہیں ڈرائیورز اور کنڈکٹرز کی تربیت نہیں کی جاتی اوورلوڈنگ اور اوور سپیڈ کے قوانین پر عمل نہیں کیا جاتا دوران ڈرائیونگ مسافر کوچ ہو یا پھر گڈز ٹرانسپورٹ ان کے ڈرائیورز منشیات کا استعمال کرتے ہیں وجوہات اور محرکات ڈھونڈنے کی ضرورت ہے کہ کیوں بلوچستان میں آئے روز افسوسناک حادثات پیش آتے ہیں اور ان کے نتیجے میں صوبے کے قابل سپوت جان کی بازی ہار جاتے ہیں ضرورت اس امر کی ہے کہ بلوچستان حکومت مزید ایک لمحہ بھی ضائع کئے بغیر ضروری قانون سازی کرے کہ کسی بھی حادثے کی صورت میں ذمہ دار فریق کو متاثرہ افراد یا گھرانوں سے صلح صفائی کا حق حاصل نہیں ہوگا جو بھی ذمہ دار ہوگا اس کے خلاف قانون اپنے آپ حرکت میں آئے جاں بحق و زخمی افراد کو معاوضوں کی ادائیگی بھی کمپنیز سے کرائی جائیں اور قومی شاہراہوں پر اوور سپیڈ، اوورلوڈنگ اور دوران ڈرائیونگ منشیات کے استعمال جیسے جرائم

# CLIPPING SERVICE


**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.________ DATE: 17 APR 2023 Page No: ________




چیف سیکرٹری عبدالعزیز عقیلی ہنگلاج مندر میں ترقیاتی منصوبوں کا معائنہ کررہے ہیں



چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی ہنگلاج مندر میں سینیٹر دنیش کمار کی ترقیاتی اسکیموں کا معائنہ کررہے ہیں



ماران، چیف سیکرٹری عبدالعزیز عقیلی کو ایکسین بی اینڈ آر عادل نصیر ویمن ہاسٹل سے متعلق بریفنگ دے رہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.________ DATE: 17 APR 2023 Page No: ________



کوئٹہ: وزیراعلیٰ عبدالقدوس بزنجو سے اپوزیشن لیڈر ملک سکندر ملاقات کر رہے ہیں نور محمد دمڑ بھی موجود ہیں



کوئٹہ: وزیراعلیٰ عبدالقدوس بزنجو سے بی این پی کے رہنما واجہ جہانزیب بلوچ و دیگر ملاقات کر رہے ہیں